

# 1 میری پیاری بلّی کو ڈھونڈو!



## آؤ گائیں



دیکھو، دیکھو، دیکھو
دیکھو میری پیاری بلّی



کیا تم بیٹھی کھڑکی کے اوپر؟



کیا تم سوئی پلنگ کے نیچے؟
کہاں چھپی ہو اوپر یا نیچے؟



دیکھو، دیکھو، دیکھو
دیکھو میری پیاری بلّی!
کیا تم بیٹھی بستے کے اندر؟



جلدی سے باہر آجاؤ،
کہاں چھپی ہو مجھے بتاؤ۔


آؤ، آؤ، آؤ


آؤ میری پیاری بلّی!


کبھی جار کے نیچے کھرچا

کبھی کار کے اوپر پوچھا

اوپر- نیچے، اوپر- نیچے







آؤ، آؤ، آؤ،
آؤ، میری پیاری بلّی!
کبھی ٹوپی کے اوپر،

کبھی دری کے نیچے ہو کر
جلدی آؤ پیاری بلّی!
تم ہی ہو میری پیاری بلّی۔



بچوں کو اداکاری کے ساتھ نظم دوہرانے کو کہیے۔ بچے تصویر کا مشاہدہ کریں اور بتائیں کہ انھوں نے کیا دیکھا؟ اور ان چیزوں کے بارے میں گفتگو کیجیے جو اوپر، نیچے ہوں؟ چھپن چھپائی کے کھیل میں چھپنے کی جگہوں واطراف میں پائے جانے والے جانوروں کے رہنے کے مقامات وغیرہ سے متعلق سوالات کے ذریعے گفتگو کرنے کے لیے بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

© NCERT not to be republished

## نظم میں دی گئی تصویروں کو دیکھیے اور ذیل میں صحیح لفظ پر دائرہ بنائیے۔

1. لال گیند پلنگ پر/اوپر/نیچے ہے۔
2. بلّی کار کے اندر/باہر/اوپر ہے۔
3. آدمی پیڑ کے نیچے/اندر/اوپر سو رہا ہے۔
4. گائے گھر کے اندر/باہر ہے۔



## سوچیے اور جواب دیجیے

1. آپ اپنے جوتے کہاں رکھتے ہیں؟ کمرے کے اندر/باہر
2. آپ کوڑا کہاں پھینکتے ہیں؟ کوڑے دان کے اندر/باہر



## آؤ کریں—چیزیں تلاش کریں

بچے خود کو دو ٹیموں میں تقسیم کر سکتے ہیں۔ایک ٹیم کچھ چیزیں چھپائے گی جیسے سفید چاک، لال گیند وغیرہ اور دوسری ٹیم سے ان کو مقام ظاہر کرنے والے الفاظ جیسے اندر/باہر، دور/پاس، اوپر/نیچے وغیرہ کا استعمال کرتے ہوئے چیزوں کو تلاش کرنے کے لیے زبانی ہدایت دے گی۔مثال کے طور پر:

1. اُس سفید چیز کی تلاش کیجیے جو بورڈ کے قریب میز کے نیچے چھپائی گئی ہے۔
2. اُس لال چیز کو تلاش کیجیے جو کمرۂ جماعت کے باہر اور پیڑ کے نیچے ہے۔

© NCERT not to be republished

## آؤ کھیلیں—گیند کو پھینکیں!


ہر بچہ ایک ایک بار ٹوکری کے اندر گیند ڈالنے کی کوشش کرے گا۔ جب گیند ٹوکری کے اندر گرے گی تب دوسرے بچے بولیں گے اندر اور جب گیند ٹوکری کے باہر گرے گی تب دوسرے بچے بولیں گے باہر ہے۔



## آؤ کریں

A. جو اندر ہیں، ان پر صحیح کا نشان ✓ لگائیے۔





سرگرمی اس طرح انجام دی جائے کہ تمام بچے اس میں حصہ لے سکیں، بھلے ہی ان میں جسمانی صلاحیتیں کیسی بھی ہوں۔ مثال کے طور پر، گیند پر گھنگرو باندھ سکتے ہیں اور ٹوکری کی اندرونی سطح باہر کی سطح سے مختلف کر سکتے ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ خصوصی آواز کا علم ہو سکے کہ گیند باہر/اندر ہے۔

© NCERT not to be republished

B. جو باہر ہیں، ان پر صحیح کا نشان ✓ لگائیے۔





C. تصویر کو دیکھ کر مناسب جواب پر صحیح کا نشان ✓ لگائیے۔

(i) ایک لڑکا پیڑ کے اوپر / نیچے بیٹھا ہے

(ii) پرندے پیڑ کے اوپر / نیچے ہیں



D. ناک کے نیچے مسکراہٹ کا نشان بنائیے، اور آنکھوں کے اوپر بھنویں بنائیے۔



© NCERT not to be republished

E. ہمارے قومی جھنڈے کو دیکھیے جسے ہم ترنگا بھی کہتے ہیں۔ اس میں کتنے رنگ ہیں؟

مناسب جواب پر صحیح کا نشان ✓ لگائیے۔

i. ترنگے میں سب سے **اوپر** کون سا رنگ ہے؟

**سفید/ زعفرانی/ ہرا**

ii. ترنگے میں کون سا رنگ سفید رنگ کے **نیچے** ہے؟

**گلابی/ زعفرانی/ ہرا**

iii. ترنگے میں کون سا رنگ ہرے رنگ کے **اوپر** ہے؟

**سفید/ زعفرانی/ پیلا**

iv. ترنگے میں اشوک چکر کہاں ہے؟

**ایک کونے میں/ بیچ میں/ کنارے پر**



© NCERT not to be republished

بچوں سے گفتگو کیجیے کہ ہم قومی جھنڈے کو کب کیوں اور کہاں لہراتے ہیں؟ قومی تہواروں کے بارے میں بات کرنے کے لیے بچوں کی حوصلہ افزائی کریے۔ بچوں کو اپنا ترنگا بنانے اور کھڑے ہو کر قومی ترانہ گانے کے لیے کہیے۔

# چھک ! چھک ! ہماری ریل گاڑی جاتی ہے



چھک–چھک، چھک–چھک
چھک-چھک کرتی ریل چلی
چھک-چھک کرتی ریل چلی
ٹیڑھی میڑھی ریل چلی
ندی، کھیت سے ریل چلی
اوپر جاتی، نیچے جاتی
تھوڑا رُکتی، چلتی جاتی
سمندر، پہاڑ، برسات دکھاتی
پورا ملک گھما کر لاتی
آگے انجن پیچھے ڈبّے
کچھ ڈبّوں کے آگے ڈبّے
کچھ ڈبّوں کے پیچھے ڈبّے
ہلتے–ڈولتے ریل چلی
چھک-چھک کرتی ریل چلی

© NCERT not to be republished

A. انجن کے پیچھے کتنے ڈبے ہیں؟
B. لال ڈبے سے آگے کتنے ڈبے ہیں؟
C. لال ڈبے کے پیچھے والے ڈبوں پر نارنجی رنگ کریں۔
D. لال ڈبے کے آگے والے ڈبوں پر نیلا رنگ کریں۔

بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے ریل گاڑی کے سفر کے تجربوں کو بیان کریں۔ بچے جنھوں نے کبھی ریل گاڑی کا سفر نہیں کیا ہو وہ اس سفر سے متعلق سوالات پوچھ سکتے ہیں۔ 'ریل گاڑی کیا ہوتی ہے' اس موضوع پر گفتگو کریے۔ ان سے کہیں کہ وہ کاغذ پر ریل گاڑی کی تصویر بنائیں یا بے کار چیزوں جیسے خالی ڈبّوں اور بوتلوں کو استعمال کر کے ریل گاڑی بنائیں۔

بچے نظم پڑھیں گے اور ایک کھیل کھیلیں گے، جس میں وہ ایک دوسرے کو پکڑ کر ریل گاڑی بنائیں گے۔ سبھی بچے بتائیں گے کہ ان کے آگے اور پیچھے کون ہے؟




سُوالی اور روہت چیزوں کے کچھ گروپ بنا رہے ہیں۔








بچوں کو ایسی ہی سرگرمیاں انجام دینے کے لیے کہیے جس سے وہ ٹھوس چیزوں جیسے بیجوں، پتیوں، موتیوں وغیرہ کو چھانٹ سکیں۔

© NCERT not to be republished

## آؤ کریں

سُوالی نے سبھی بٹنوں کو تین گروپ میں تقسیم کر دیا۔





سُوالی نے ایسے گروپ کیوں بنائے؟

ڈرائینگ بنا کر ان بٹنوں کو دوسرے طریقے سے چھانٹنے کے لیے سُوالی کی مدد کیجیے۔

## پروجیکٹ



بچوں سے کلاس روم کی ایک الماری کو منظّم کرنے کے لیے کہیے۔ استاد ان سے مقام ظاہر کرنے والے الفاظ کا استعمال کرتے ہوئے 2 چیزیں سب سے نیچے والے خانے میں اور 1 چیز سب سے اوپر والے خانے میں رکھوائیں۔

© NCERT not to be republished